41803 ـ سونے كے زيوارت بناتے وقت ايك شخص كا سونا دوسرے شخص كے سونے ميں خلط ملط ہونے كا حكم

سوال

اگر كوئى شخص زيور تيار كرنے كےليے كاريگر كو سونا دے، اور سونا پگھلاتے وقت فيكٹرى ميں سونا كسى دوسرے كے سونے ميں مل جائے ليكن سونا واپس كرتے وقت وزن وہى ہو جو كاريگر كو ديا گيا تھا اس كا حكم كيا ہو گا ؟

پسنديده جواب

الحمد للہ.

فيكٹرى والوں كو چاہيے كہ وہ لوگوں كا مال ايك دوسرے ميں نہ ملائيں، اور اگر اس سونے كا كيرٹ مختلف ہو تو ہر ايك كو عليحده ركھيں.

ليكن اگر سونے كا قراط (كيرٹ) مختلف نہ ہو تو پھر اسے جمع كرنے ميں كوئى حرج نہيں، كيونكہ اس ميں كوئى نقصان نہيں.